انوسٹمنٹ شیلڈ پلان
(سنگل کنٹریبیوشن انوسٹمنٹ پلان)

اپنی سرمایہ کاری کو بڑھائیے! تکافل کے ذریعے

انوسٹمنٹ شیلڈ Investment Shieldخاص کر سنگل کنٹریبیوشن انوسٹمنٹ پلان (Single Contribution Investment Plan) کے طور پر اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے جو اصل سرمایہ کے محفوظ ہونے اور مستحکم منافع (Return)کی یقین دہانی کرتا ہے، جس میں تکافل تحفظ (Protection)بھی شامل ہے۔

یہ پلان ان افراد کے لئے بنایا گیا ہے:

- جن کے پاس کم از کم تین لاکھ روپے سرمایہ کاری کے لئے موجود ہوں
- جو اپنی سرمایہ کاری کو مستحکم اور حوصلہ افزا ریٹرن کے ساتھ بڑھانا چاہتے ہیں
- جو شرعیہ کمپلائنٹ سرمایہ کاری کو ترجیح دیتے ہیں
- جو اپنی دولت کو پانچ سے دس سال تک کی مدّت کے لئے انوسٹ کر سکتے ہیں۔

یہ پلان پاک قطر فیملی تکافل کمپنی کی سرمایہ کاری کے تجربات اور اسکے ساتھ ایک ایسے بڑے فنڈ تک رسائی مہیا کرتا ہے جو کہ ایسے منافع کی بڑھوتری کو یقینی بناتا ہے جو عام طور پر انفرادی سرمایہ کار کو میسّر نہیں ہوتا۔

"انوسٹمنٹ شیلڈ"کیسے کام کرتا ہے؟

آپ کے کنٹریبیوشن کو ایک خاص طور پر انتظام شدہ فنڈ میں رکھا جاتا ہے جسے (Secure Wealth Fund) ''سکیوئر ویلتھ فنڈ'' (SWF)کہا جاتا ہے۔یہ فنڈ آپ کی سرمایہ کاری کو محفوظ رکھنے ، امید افزا منافع اور تحفظ کے ساتھ ساتھ استحکام کو بھی یقینی بناتا ہے۔شرعیہ کمپلائنٹ ہونے کی وجہ سے انوسٹمنٹ شیلڈ آپ کی سرمایہ کاری پر فکس منافع آفر نہیں کرتا۔اس فنڈ میں سے ایک چھوٹا سا حصہ وقف فنڈ میں منتقل کیا جاتا ہے تاکہ کسی ناگہانی آفت،حادثہ کی صورت میں آپ کی فیملی کی مالی ضروریات کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

آپ کے تجویز کردہ کنٹریبیوشن کی متوقع بڑھوتری کو دکھانے کے لئے ایک فرضی نمونہ (Illustration) بھی مہیّا کی جائے گی۔بہرحال ابھی منافع کی مختلف صورتیں فرض کرکے ان کی بنا پر ایک سادہ الیسٹریشن (فرضیہ) صفحہ نمبر ۳ پر آپ کو مہیّا کی جاتی ہے۔

آپ کی سرمایہ کاری کو منیج کیسے کیا جاتا ہے؟

آپ کی سرمایہ کاری کو یونٹ سے منسلک انوسٹمنٹ سسٹم کے تحت منیج کی جائے گی ، جو کہ ایک ایسا مینجمنٹ فنڈ ہے جسے اس کے صاف شفاف ہونے کی وجہ سے انٹرنیشنل لیول پر پذیرائی حاصل ہے۔ یہ نظام آپ کی سکیوئر ویلتھ فنڈ میں کی گئی سرمایہ کاری کو اس وقت کے یونٹ ریٹ کے مطابق یکساں ویلیو والے یونٹس میں تقسیم کر تا ہے۔بعد میں ہونے والی تمام کاروائیاں ان یونٹ کی صورت میں کی جاتی ہیں، اور ہر یونٹ کی ویلیو کی بڑھوتری آپ کی انوسٹمنٹ کے اضافہ کی

عکاسی کرتی ہے۔آپ کے اپنے یونٹس کی تعداد سے آپ کو آگاہ کیا جاتا ہے، اوراپنے آپریشنز کو مکمل طور پر شفاف بنانے کے لئے یونٹس کی ویلیو کو باقاعدگی سے ہماری ویب سائیٹ پر،ملکی سطح پر چھپنے والی بڑے اخبارات اور میگزین میں نشر کیا جاتا ہے۔پاک قطر فیملی تکافل سکیوئر ویلتھ فنڈ اور وقف فنڈ کے انتظام و انصرام کی فیس لیتی ہے، جس کی تفصیل الیسٹریشن میں دی جاتی ہے۔

سیکوئر ویلتھ فنڈ کوکہاں کہاں انوسٹ کیا جاتا ہے؟

آپ کی سرمایہ کاری کو زیادہ سے زیادہ محفوظ بنانے کے لئے فنڈ کے ایک بڑے حصہ کو حکومت کے زیر انتظام اور دیگر محفوظ صکوک اور TDR میں انوسٹ کیا جاتا ہے۔ فی الحال ریٹرنز کو بہتر بنانے کے لئے کچھ حصہ ایکویٹی مارکیٹ میں بھی انوسٹ کیا جاتا ہے۔ پاک قطر فیملی تکافل اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ تمام تر سرمایہ کاری اور منافع کو ہمارے مستقل شرعیہ بورڈ کی مہیّا کردہ گائیڈ لائن کے عین مطابق ہوں۔

انوسٹمنٹ شیلڈ کیا فوائد پیش کرتا ہے؟

مدّت کی تکمیل پر : مدّت کی تکمیل پر آپ سکیوئر ویلتھ فنڈ میں موجود آپ کے تمام یونٹس کی کیش ویلیو کے لینے کے حقدار ہوتے ہیں۔

طبعی موت کی صورت میں : نامزدہ افراد(Nominee/Beneficiary) کل کنٹریبیوشن کا ۱۰۵ فیصد (فیس ویلیوFace Value) اور کیش ویلیو میں سے جو بھی زیادہ ہو وہ اس کا حقدار ہو گا۔

حادثاتی موت کی صورت میں: شریکِ تکافل کی حادثاتی موت ہونے کی صورت میں نامزدہ افراد (Beneficiary)کو طبعی موت کی صورت میں دیئے گئے فوائد کے علاوہ مزید دس لاکھ روپے دیئے جائیں گئے۔

مدت پوری ہونے سے قبل اگر مجھے فنڈ کی ضرورت ہوتو؟

یہ بات انتہائی قابلِ تحسین ہے کہ آپ منتخب کردہ مدّت پر انوسٹمنٹ کی تکمیل تک قائم رہیں، کیونکہ یہ آپ کے منافع کو بڑھانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ بہرحال ہم مدّت کی تکمیل سے قبل جزوی دستبرداری یا کلی دستبرداری کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔ آپ اپنے کنٹریبیوشن کو یکمشت یا قسطوں کی صورت میں نکالنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ آپ کی مطلوبہ رقم آپ کے سکیوئر ویلتھ فنڈ میں موجود یونٹس کی تعداد کو کیش میں تبدیل کر کے فراہم کی جائے گی۔

مستقل طورپر رقم نکلوانا: سکیوئر ویلتھ فنڈ میں موجود تمام یونٹس کی کیش ویلیو کے نکالنے پر کسی بھی قسم کے اضافی چارجز لاگو نہیں ہوتے۔

جزوی طور پر رقم نکلوانا: سکیوئر ویلتھ فنڈ کی کیش ویلیو سے کم سے کم 15000 روپے نکالنے کی سہولت مہیّا کی گئی ہے، جس میں ہر جزوی دستبرداری پر ایک معمولی رقم 500 روپے چارج کئے جاتے ہیں۔ ۲۵ ہزار اور آپ کی سرمایہ کاری کی موجودہ کیش ویلیو کا ۲۰ فیصد ان دونوں میں سے جو بھی زیادہ ہو کا سکیوئر ویلتھ فنڈ میں باقی رہنا ضروری ہے۔

کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ میں کتنی مدت کےلئے سرمایہ کاری کر سکتا ہوں؟

بہتر منافع کے حصول کے لئے پاک قطر فیملی تکافل نے آپ کی سرمایہ کاری کے لئے ممکنہ طور پر درج ذیل لچکدار مدّت مقرر کی ہے:

کم سے کم دورانیہ: پانچ سال

زیادہ سے ز یادہ دورانیہ: دس سال

ایک مثال:

جناب عبد اللہ کے پاس دس لاکھ روپے کی بچت ہے۔ اور وہ اب اس بچت کو مستقبل کی ضروریات کے لئے بڑھانا چاہتے ہیں، انہوں نے تحفظ اور اپنی سرمایہ کاری کو بڑھانے کے لئے انوسٹمنٹ شیلڈ کو منتخب کیا ہے۔

تفصیلات:

عمر:

سال

مدت: 5 سال

کل کنٹریبیوشن (انوسٹمنٹ رقم) : دس لاکھ

قابلِ ادا فوائد:

صورتِ واقعہ	۸ فیصد اضافہ	۱۰ فیصد اضافہ	۱۲ فیصد اضافہ
مدت کی تکمیل پر	12،79،408	1،405،033	1،540،280
طبعی موت کی صورت میں	1.05 ملین یا کیش ویلیو (ان میں جو بھی زیادہ ہو)		
حادثاتی موت کی صورت میں	مذکورہ بالا + دس لاکھ		

* کل کنٹریبیوشن کے 94.68 فیصد کے یونٹ ایلوکیٹ کئے جائیں گے۔

*ماہانہ 145 روپے ایڈمنسٹریشن فیس کی مدّ میں چارج کئے جائیں گے، جو کہ مستقل کمپنی بذاتِ خود امتیازی طورپر ترمیم کرنے کی مجاز ہے۔

*فنڈ ویلیو کے 1.5 فیصد سالانہ انوسٹمنٹ مینجمنٹ چارجز کے طور پر لئے جائیں گے۔

دستبرداری: 60 سال کی عمر کے بعد IFTP سے کسی بھی قسم کے تکافل فوائد ادا نہیں کئے جائیں گے، اس صورت میں موت کے فوائد بھی سکیوئر ویلتھ فنڈ کی ویلیو تک محدود ہوں گے۔

برائے مہربانی درج بالا السٹریشن کو نمونہ کے طور پر لیں،پلان کی تفصیلی السٹریشن کے لئے ہم سے اس نمبر پر رابطہ کریں:

111-TAKAFU (825238)